| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پانچواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ٹ' لکھ سکیں۔ حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ٹ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں سے 'ا تا ٹ' حروف کی صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ٹ' کی پہچان آواز ، آدھی شکل اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ٹ' کا Puppet Stick لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی اور بچوں سے سلام دعا کر کے حرف 'ٹ' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ٹ' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری شکل تبدیل ہوجاتی ہے۔حرف 'ٹ' کی آدھی شکل 'ر' کو Puppet Stick کے زریعے متعارف کروایا جائے گا۔'ٹ' حروف تہجی کا حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ٹ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ ٹماٹر،ٹہنی،ٹوکری، ٹافی فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ۔حرف ٹ کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر 'ط' آتی ہے۔تختہ سیاہ/ سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ بچوں کو بلا کر تخت سیاہ/ سفید پر حرف 'ٹ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں ٹرک میں لکھے حروف میں سے حرف 'ٹ' کے گرد دائرہ بنانے کا کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 27 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ٹ' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 27 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پانچواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | دوسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ٹ' لکھ سکیں۔ حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ٹ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اُردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ٹ' کے اوپر نقطہ آتا ہے یا 'ط'۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارد<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ٹ' کی پہچان آواز، آدھی شکل اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ٹرک کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ٹرک ہے۔ اس کا سائز بہت بڑا ہوتا ہے۔ اس کے پہیے چار سے زیادہ ہوتے ہیں اور یہ سامان ایک جگہ سے دوسرے جگہ لے جانے کے کام آتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ٹرک کی ابتدائی آواز 'ٹ' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں میز پر اور ایک دوسرے کے ہاتھ پر 'ٹ' لکھوایئے تاکہ بچوں کا دائیں سے بائیں ہاتھ رواں ہوسکے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 28 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ حرف 'ٹ' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 28 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں سے باری باری حرف 'ٹ' اور اس کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری پانچواں ہفتہ | **موضوع:** | حرف 'ٹ' | **دن:** | تیسرا |

| **حاصل سبق** | **طریقہ تدریس** | **وقت 40 منٹ** | **وسائل** | **جانچ** |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ٹ' لکھ سکیں۔ حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ٹ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ٹ' ٹہنی کے بارے میں جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ٹہنیاں درختوں پر لگتی ہیں۔ان کو شاخ بھی کہا جاتا ہے۔ بڑے درختوں کی ٹہنیوں کا رنگ براؤن ( بھورا ) ہوتا ہے جبکہ چھوٹے درختوں کی ٹہنیوں کا رنگ ہرا ہوتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ٹہنی کی ابتدائی آواز 'ٹ' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر ہوا میں حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کریں یہ مشق مسلسل چند منٹ تک دہرائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار اور پانچ کے گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر بچے کو ایک لفافہ دیا جائے گا جس کے اوپر حرف 'ٹ' چسپاں ہوگا کلاس کے آغاز سے پہلے ہر لفافے کے اندر تصاویر اور حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے ناموں پر مشتمل چھوٹے کارڈ رکھ دیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ کارڈ کو الفاظ کے ساتھ ملائیے۔ پہلے یہ سرگرمی آپ خود کر کے دکھائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 29 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ٹ' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ٹانگ، ٹہنی، ٹرک کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 29 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ٹ' کی پہچان آواز ، آدھی شکل اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پانچواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ٹ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ٹ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے ’ٹ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ٹ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف ’ٹ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ’ٹ‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف ’ٹ‘ کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 2 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ٹ‘ کی پہچان آواز، آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ٹ‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ٹماٹر، ٹائر، ٹینک اور ٹوپی کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو ٹینک کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ اس کا کیا مقصد ہے؟ بچوں کو ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے نظم سنایئے۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر میز پر رنگین پینٹ اور پانی کی ٹرے رکھی جائے گی بچوں کو سادہ کاغذ مہیا کر کے کہا جائے گا کہ اپنی پسند کے رنگ میں انگلی ڈبو کر حرف ’ٹ‘ بنایئے۔ ٹیچر خود تختہ سیاہ/سفید پر یہ حرف لکھیں اور بچے سادہ کاغذ پر حرف ’ٹ‘ کی پوری اور آدھی شکل بنائیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 30 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ٹ‘ اور اس کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 30 منٹ | پانی کی ٹرے<br>رنگین و پینٹ<br>سادہ کاغذ<br>کتاب صفحہ نمبر 30 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ٹائر اور ٹینک کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 3 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پانچواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ٹ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ٹ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ٹ' لکھ سکیں۔ حرف 'ٹ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ٹ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ٹ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور شیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ٹ' کی پہچان آواز، آدھی شکل اور شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ٹانگ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ٹانگ ہے۔ ہماری دو ٹانگیں ہوتی ہیں جو ہمیں چلنے میں مدد دیتی ہیں۔ کمرہ جماعت میں ٹارچ لا کر بچوں کو دکھایے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ٹارچ اندھیرے میں روشنی پیدا کرتی ہے۔ بچوں سے ٹارچ اور ٹانگ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ٹ' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ٹ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | | | |